وفاق کی مجلس عاملہ کے حالیہ اجلاس منعقدہ ۲۵ محرم الحرام ۱۴۲۵ھ مطابق ۱۷ مارچ ۲۰۰۴ء بمقام مرکزی دفتر وفاق ملتان کے بعض

اہم فیصلے

① مختصر تاریخ اسلام کا نصاب سے اخراج

درجہ ثانیہ میں شامل کتاب مختصر تاریخ اسلام (ہماری بادشاہی) مولفہ عبدالسلام قدوائی ندوی بوجہ قابل اعتراض مواد نصاب سے خارج کردی گئی ہے۔ فوری طور پر اس کی تدریس بند کردی جائے۔

② شرح عقائد از عذاب قبر شامل نصاب ہوگی

شرح عقائد کو مکمل نصاب میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ مختلف ارباب مدارس کی طرف سے دیگر کتابوں کی وجہ سے تخفیف کی تجویز پیش کی گئی تھی جس پر مجلس عاملہ نے اپنے حالیہ اجلاس میں غور وخوض کے بعد طے کیا کہ شرح عقائد درجہ عالیہ سال دوم کے نصاب میں از عذاب قبر تا آخر شامل نصاب ہوگی۔

③ تخصصات کے نصاب کے لئے کمیٹی

تفسیر، حدیث، فقہ، ادب عربی، دعوت وارشاد کے تخصصات کا نصاب مرتب کرنے کیلئے حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزئی صاحب اور حضرت مولانا منظور احمد مینگل صاحب پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی ہے۔ ارباب مدارس اپنی آراء اور نصاب جلد از جلد دفتر وفاق ملتان کو ارسال کریں۔

④ بنات کا نصاب

''بنات'' کے موجودہ نصاب میں ترامیم اور مدت تعلیم میں اضافہ پر غور کرنے کیلئے حضرت مولانا محمد انور صاحب، مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب، مولانا قاضی محمود الحسن اشرف صاحب، مولانا محمد یوسف خان صاحب، اور مولانا رشید اشرف صاحب پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی ہے۔ ارباب مدارس اپنی تجاویز اور سفارشات دفتر وفاق ملتان کو جلد ارسال فرما کر ممنون فرمادیں۔

⑤ مدارس کے لئے سرکاری امداد

مجلس عاملہ کے اجلاس میں اس پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا کہ مجلس شوریٰ کے متفقہ فیصلہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بعض مدارس حکومت سے امداد وصول کررہے ہیں۔ واضح رہے کہ حکومتی امداد مدارس کی آزادی، حریت اور دینی تصلب کے منافی ہے۔ اس لئے مدارس ہر قسم کی سرکاری امداد سے اجتناب فرمائیں۔

⑥ ضمنی امتحان کی رعایت ختم

ضمنی امتحان کے انعقاد میں متعدد مشکلات ہیں۔ مجلس عاملہ نے تفصیلی غور وفکر کے بعد فیصلہ کیا کہ آئندہ ضمنی امتحان حسب سابق سالانہ امتحان کے ساتھ ہی منعقد کیا جائے۔

⑦ سالانہ امتحانات میں امتیازی حیثیت (پوزیشن) حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے اعزاز میں تقریب

سالانہ امتحان میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے اعزاز میں عنقریب ایک تقریب کا اہتمام کراچی میں کیا جائے گا جس میں طالبات کے محرم مدعو ہونگے۔ تقریب میں طلبہ اور متعلقہ مدارس کو انعامات دیئے جائیں گے۔

(مولانا) محمد حنیف جالندھری ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان)